سوال

(461) کیا حاجی ایام منیٰ میں نمازیں جمع کر سکتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا حاجی نمازِ جمع بھی ایامِ منیٰ میں پڑھ سکتا ہے خواہ وہ منیٰ میں ہی ہو یا حرم میں۔ کیا وہ نافرمان تو نہ ہو گا۔ (ایک سائل) (یکم مارچ ۱۹۹۶ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایامِ منیٰ میں حاجی نماز صرف قصر کرے جمع نہ کرے کیونکہ حجۃ الوداع میں نبی اکرم ﷺ نے اسی طرح نماز پڑھی تھی۔ (ملاحظہ ہو، صحیح بخاری وغیرہ)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 357

محدث فتویٰ